SECURITIES & EXCHANGE POLICY BOARD
(POLICY BOARD'S SECRETARIAT)

PRESS RELEASE

For immediate release
September 28, 2019

سکیورٹیزاینڈایکسچینج پالیسی بورڈنے ایس ای سی پی میں خود مختار فیصلہ سازی کے ڈویژن کے قیام کی منظوری دے دی

اسلام آباد(ستمبر ۸۲) سکیورٹیزاینڈایکسچینج پالیسی بورڈنے کمیشن میں ایک خود مختار فیصلہ سازی ڈویژن کے قیام کی باقاعدہ منظوری دے دی ہے۔ پالیسی بورڈکااجلاس پروفیسر خالد مرزاکی زیر صدارت ایس ای سی پی ہیڈکوارٹرز،اسلام آباد میں ہوا۔

ایک علیحدہ اور خود مختار محکمہ کمیشن کی موثریت، منصفانہ فیصلوں کے تسلسل کو یقینی بنائے گااور اور صوابدیدی اختیارات کے حوالے سے خدشات میں کمی میں مدد ملے گی۔ یہ ڈویژن کمیشن کے مختلف شعبوں/ڈویژن کی جانب سے ریگولیٹڈاداروں اور افراد کو جاری نوٹس، اظہار وجوہ اور شوکاز سے متعلقہ قانونی نوٹسز پر آزادانہ سماعت انجام دے گا، جنہیں ہم نیم عدالتی امور کہہ سکتے ہیں۔

اجلاس میں پالیسی بورڈنے کمپنیز کی جانب سے ٹیکس کمپلائنس سرٹیفکیٹ جمع کرانے کی ضرورت کے قانون پر بھی بات کی۔ پالیسی بورڈنے اس حکم کو ایس ای سی پی کے دائرہ اختیار سے باہر قرار دیتے ہوئے کمیشن کو ہدایت کی کہ قانونی مشاورت کے بعد اس کی واپسی کے اقدامات کیے جائیں۔ اس موقع پر دیگر فیصلوں کے علاوہ ایس ای سی پی کے 30 جون 2019 تک کے مالیاتی حسابات پیش کیے گئے جنہیں منظور کر لیا گیا۔ کمیشن کی سالانہ رپورٹ کی منظوری پالیسی بورڈ کے ممبران کی جانب سے رپورٹ کے جائزے اور مشاہدات کے بعد دی جائے گی۔

اجلاس کے موقع پر پالیسی بورڈنے مختلف شکایات کا جائزہ لیتے ہوئے ان پر فیصلے صادر کیے جیسے (الف) غیر قانونی بیرونی قوتوں کی جانب سے کمیشن کو بدنام کرنے کے حوالے سے اقدامات، قانون نافذ کرنے والے اداروں سے متعلق غلط کیسز کی واپسی اور بورڈ کی جانب سے عملے کی خدمات کے دوبارہ حصول کے فیصلوں پر عمل درآمد۔ (ج)۔ سٹاک مارکیٹ سے متعلق گورننس کے مسائل کا حل (د)۔ مختلف سٹاف ممبران کو درپیش قانونی مسائل سے نمٹنے کے لیے ہدایات بھی میٹنگ کا حصہ تھیں۔ سکیورٹیزاینڈایکسچینج پالیسی بورڈ مجریہ 1997 کی شق 12 کے تحت وزارت خزانہ، کامرس، اور لاء کے علاوہ ایس بی پی، ایس ای سی پی اور نجی شعبہ سے اہل اور قابل افراد پر مشتمل ہے۔